بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

ذکی الرحمن لکھوی کو اڈیالہ جیل سے رہا کر دیا گیا، بھارت کا اظہار مذمت

لوگ نامعلوم مقام پر لے گئے، ممبئی حملوں کے ماسٹر مائنڈ کی رہائی مایوس کن ہے، راجناتھ سنگھ، امریکا اور فرانس کا بھی اظہار افسوس

راولپنڈی / نئی دہلی (نیوز ایجنسیز) ممبئی حملہ کیس کے مرکزی ملزم ذکی الرحمٰن لکھوی کو لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر اڈیالہ جیل سے رہا کر دیا گیا، ذکی الرحمٰن لکھوی کو رہائی ملنے کے بعد ان کے حامی انہیں نامعلوم مقام پر لے گئے۔ ادھر بھارت، فرانس اور امریکا نے لکھوی کی رہائی پر سخت اظہار مذمت کیا ہے جبکہ بھارتی وزیر وزیر داخلہ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ممبئی حملوں کے ماسٹر مائنڈ کی رہائی مایوس کن اور بد قسمتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاہور ہائیکورٹ نے ذکی الرحمٰن لکھوی کی نظربندی کے احکامات کو معطل کرتے ہوئے ان کی نظربندی کو غیر قانونی قرار دیا تھا اور حکم دیا تھا کہ ذکی الرحمٰن کو رہا کیا جائے، عدالتی حکم کے بعد گزشتہ شب ذکی الرحمن لکھوی کو اڈیالہ جیل سے رہا کر دیا گیا ہے، ان کی جیل سے رہائی کے موقع پر سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے تھے اس موقع پر ذکی الرحمن لکھوی کے حامیوں کی بڑی تعداد بھی ان کی رہائی خبر کے بعد وہاں پہنچ گئی، حامی ذکی الرحمن لکھوی کو جیل سے رہائی کے بعد نامعلوم مقام پر لے گئے۔ ادھر بھارتی وزیر داخلہ راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کے ساتھ مذاکرات اور خوشگوار تعلقات چاہتا ہے لیکن ممبئی حملوں کے ماسٹر مائنڈ کی رہائی مایوس کن اور بد قسمتی ہے۔ اے ایف پی سے گفتگو کرتے ہوئے بھارتی وزارت داخلہ کے اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ ذکی الرحمٰن لکھوی کو رہا کر کے ممبئی حملوں میں ہلاک افراد کی تذلیل کی گئی۔ ادھر فرانس نے بھی ذکی الرحمٰن لکھوی کی رہائی کو بد قسمتی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پیشرفت نہ صرف بھارت بلکہ دنیا کیلئے خطرے کا باعث ہے۔ فرانس کی جانب سے مذمت اس وقت کی گئی جب فرانسیسی نیشنل اسمبلی کے صدر کلاوڈ بارٹولون نے پیرس میں اسمبلی اراکین کے ایک وفد کے ساتھ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ دریں اثناء امریکی محکمہ خارجہ نے ذکی الرحمٰن لکھوی کی رہائی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان جیف راتکے نے کہا کہ امریکی حکام اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ اب کیا اقدامات کرنے ہیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے
ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے